نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان کی زیرِ صدارت راولپنڈی ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور 05اکتوبر 2023: ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان کا راولپنڈی کا دورہ کیا۔انہوں نے محکمہ زراعت پنجاب راولپنڈی ڈویژن کے تمام شعبہ جات کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں زرعی مداخل کے معیار اور دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق جعلی و غیر معیاری کھادوں اور زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والے افراد کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔اس موقع پر انہوں نے محکمہ زراعت پنجاب راولپنڈی ڈویژن کے تمام شعبہ جات کو ہدایت دی کہ وہ اپنے منصوبہ جات کی بروقت تکمیل کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ خطہ پوٹھوار میں آبی وسائل اور جدید نظام آبپاشی کے منصوبہ جات کی بہت اہمیت ہے۔اس حوالے سے شعبہ اصلاح آبپاشی اور سائل کنزرویشن خطہ کی زرعی ترقی کے لئے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔خطہ پوٹھوار روایتی فصلوں کی بجائے ہائی ویلیو کراپس کے لئے انتہائی موزوں ہے اور اس حوالے سے پھلوں اور سبزیوں کے رقبہ کو بڑھایا جائے۔زراعت توسیع کا فیلڈ عملہ کاشتکاروں کی دہلیز تک جدید زرعی معلومات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت (توسیع) راولپنڈی ڈویژن سید شاہد افتخار بخاری نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ راولپنڈی ڈویژن میں کھادیں ضرورت کے مطابق دستیاب ہیں۔تازہ ترین رپورٹ کے مطابق راولپنڈی ڈویژن میں یوریا کے 25ہزار 3 سو 63 بیگ جبکہ ڈی اے پی کے 34ہزار 5 سو 51 بیگ موجود ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ گزشتہ مالی سال میں راولپنڈی ڈویژن میں طے شدہ قیمت سے زیادہ کھاد بیچنے پر 27لاکھ 65ہزار 5 سو روپے کے جرمانے کیے گئے۔جعلی کھادوں کا کاروبار کرنے والے 30افراد کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج کرایا گیا۔یکم جولائی تا 3اکتوبر 2023 تک زیادہ قیمت پر کھاد بیچنے والے ڈیلروں کو 72ہزار 2 سو روپے جرمانے کیے گئے جبکہ 2ہزار کلوگرام جعلی کھاد قبضے میں لے لی گئی۔ڈائریکٹر زراعت (توسیع) راولپنڈی ڈویژن سید شاہد افتخار بخاری کا مزید کہنا تھا کہ گندم کی بھرپور پیداوار حاصل کرنے کیلئے راولپنڈی ڈویژن میں آگاہی مہم کا آغاز ہو چکا ہے۔گزشتہ سال کی بہتر پیداوار کی طرح امسال بھی راولپنڈی ڈویژن میں گندم کی ہدف سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر سائل کنزرویشن عتیق الرحمان نے بتایا کہ سائل کنزرویشن نے بارانی علاقوں میں 16 سو سے زائد منی ڈیمز اور 21 سو 81 آبی تالاب تعمیر کیے جا چکے ہیں۔اس کے علاوہ شعبہ سائل کنزرویشن زمین کی بردگی روکنے کے لئے بھی مختلف سٹرکچرز کی سبسڈی پر تعمیر جاری ہے۔اس وقت شعبہ مختلف منصوبہ جات پر کام کر رہا ہے۔اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی سید سجاد حسین شاہ نے بتایا کہ اب تک راولپنڈی ڈویژن میں 25ہزار 7 سو 46 ایکڑ رقبہ پر جدید نظام آبپاشی (ڈرپ اینڈ سپرنکلر سسٹم) بمعہ سولر سسٹم 60فیصد سبسڈی پر نصب کیے گئے ہیں۔بارشی پانی کو محفوظ بنانے کے لئے 610واٹر ہارونٹنگ (آبی تالاب) سبسڈی پر تعمیر کیے گئے ہیں جس کے ذریعے جدید کاشتکاری کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔اس موقع پر ڈاکٹر خولہ رفیق